اللہ تعالیٰ نے اس مہینے کے روزے فرض کئے ہیں اور اس کی راتوں میں نماز (تراویح) کو نفل قرار دیا ہے۔ جو شخص اس مہینے میں ایک نفلی عبادت کرے گا ایسا ہے جیسے بغیر رمضان کے فرض ادا کیا اور جس نے ایک فرض ادا کیا وہ ایسا ہے جیسے غیر رمضان میں ستر فرض ادا کئے۔

یہ مہینہ صبر کا ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے۔ یہ مہینہ لوگوں کے ساتھ ہمدردی اور غمخواری کا ہے۔ اس مہینے میں مومن کی روزی بڑھا دی جاتی ہے۔ جو شخص کسی کو افطار کرا دے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور وہ جہنم سے آزاد ہو جائے گا اور اس کو اس روزہ دار کے برابر ثواب ملے گا اور روزہ دار کے ثواب میں کوئی کمی نہ ہوگی۔"

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے پوچھا یا رسول اللہ! ہم میں سے ہر ایک تو اس لائق نہیں ہے کہ کسی کو افطار کرا دے (ہم میں بہت سے غریب بھی ہیں) آپؐ نے فرمایا:۔

"یہ ثواب تو اللہ تعالیٰ ایک گھونٹ لسی پلانے یا ایک کھجور کھلانے یا ایک گھونٹ پانی پلانے پر بھی دے دیتے ہیں اور جس نے پیٹ بھر کر کھانا کھلا دیا اسے اللہ تعالیٰ میری حوض (کوثر) سے ایسا پانی پلائیں گے کہ جنت میں داخل ہونے تک پھر کبھی اسے پیاس نہ لگے گی۔

اس مہینے کا پہلا (تہائی) حصہ رحمت ہے اور درمیانی (تہائی) حصہ مغفرت ہے اور آخری حصہ جہنم سے آزادی کا ہے۔ جو شخص اس مہینے میں اپنے غلاموں، نوکروں پر کام ہلکا کر دے اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرما دیتے ہیں اور اسے جہنم سے آزاد کر دیتے ہیں۔" [3]

آپؐ کی دوسری تقریر

حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رمضان کا مہینہ قریب آیا تو ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

"رمضان کا مہینہ آ رہا ہے جو بہت برکتوں کا مہینہ ہے [illegible] اس میں تمہاری طرف (خصوصی) توجہ فرماتا اور تم پر اپنی رحمت نازل کرتا ہے۔ گناہوں کو بخشتا اور دعائیں قبول کرتا ہے۔ نیکیوں میں تمہارے آپس میں ایک دوسرے سے بڑھنے کو دیکھ کر فرشتوں کے سامنے فخر کرتا ہے۔ لہٰذا تم خدائے پاک کو اپنی نیکیاں دکھاؤ۔ بڑا ہی بدنصیب ہے وہ شخص جو اس مہینے میں بھی اللہ کی رحمت سے محروم رہ جائے۔" [4]

حضرت کعب بن عجرہؓ فرماتے ہیں کہ ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منبر کے قریب آ جاؤ۔ ہم لوگ حاضر ہو گئے۔ جب آپ نے منبر کی پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو فرمایا "آمین" پھر جب دوسری سیڑھی پر قدم مبارک رکھا تو فرمایا "آمین" پھر جب تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو پھر فرمایا "آمین" جب آپؐ (خطبہ سے فارغ ہو کر منبر سے) اترے تو ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! آج ہم نے آپ کی زبان مبارک سے (منبر پر چڑھتے ہوئے) ایسی بات سنی جو پہلے کبھی نہیں سنتے تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے تھے اور انھوں نے یہ دعا کی کہ ہلاک و برباد ہو وہ شخص جو رمضان کا مبارک مہینہ پائے اور پھر بھی اس کی مغفرت نہ ہو (یعنی مغفرت کرانے کے کام نہ کرے) میں نے کہا آمین۔ پھر جب میں دوسری سیڑھی پر چڑھا تو انھوں نے کہا کہ ہلاک ہو وہ شخص جس کے سامنے آپ کا ذکر مبارک ہو اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے۔ میں نے کہا آمین۔ پھر جب میں تیسری سیڑھی پر چڑھا تو انھوں نے کہا ہلاک ہو وہ شخص جس کے سامنے اس کے ماں باپ دونوں یا کوئی ایک بوڑھے ہو جائیں اور وہ اس شخص کو جنت میں داخل نہ کرائیں (یعنی یہ ان کی خدمت کر کے جنت کا حقدار نہ بن سکے) میں نے کہا آمین۔" [5]

اس حدیث شریف میں تین بد دعائیں ہیں اور کس کی زبان سے ہیں؟ سارے فرشتوں کے سردار حضرت جبریل علیہ السلام کی، اور آمین کس نے کہی؟ سارے رسولوں کے سردار خدا کے محبوب ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ اللہ اللہ، ان تینوں ہی بد دعاؤں سے بچنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ جب بھی کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (میرے ماں باپ آپؐ پر قربان) کا پیارا نام سنے فوراً درود پڑھے۔ اسی طرح والدین کی خدمت میں ذرہ برابر کوتاہی نہ ہونے دے اور یاد کرے کہ میرے سامنے جتنے کمزور یہ آج ہو گئے ہیں ایک دن اس سے بھی بہت زیادہ کمزور ان کے سامنے میں تھا اور مجھے انھوں نے اپنی جان سے زیادہ پیارا بنا کر رکھا تھا اور اس وقت کا رکھنا تو کسی چیز کا بدلہ بھی نہ تھا۔ اب اگر میں ان کی خدمت کرتا ہوں تو میرا کیا احسان، اور کچھ نہ سہی کم از کم احسان کا بدلہ ہی احسان سے دینا چاہئے۔

پہلی بات جو فرمائی گئی ہے دراصل یہاں ہمیں اسی کا ذکر کرنا ہے۔ کسی کی مغفرت نہ ہونا حقیقت میں خود اس کا اپنا قصور ہوتا ہے۔ کیونکہ خدائے پاک ہر وقت معاف کرنے کو تیار ہے۔ اب اگر کوئی معافی مانگتا ہی نہ ہو تو قصور کس کا۔ اور پھر رمضان کا مہینہ تو ایسا مبارک مہینہ ہے کہ اس میں بندے کی تھوڑی سی محنت بھی بہت کچھ دلا سکتی ہے۔

الغرض یہ مہینہ خدائے پاک کی بے پناہ رحمتوں برکتوں کا [illegible] ہے۔ پروردگار عالم نے اکثر و بیشتر اپنے نبیوں پر اپنا کلام پاک اسی مہینے میں اتارا ہے اس لئے نیک کاموں کو اس مہینے سے ایک خاص مناسبت ہے۔ [illegible] اور فضل [illegible] کا تقاضا یہ ہے کہ انسان وقت کر دیجئے۔ یوں تو نیکی ہر وقت نیکی ہی ہے اور ایک نیکی کا دس گنا تو کبھی بھی کہیں نہیں گیا لیکن رمضان کا مہینہ نیکیوں کا خاص موسم اور سیزن ہے۔ اس میں جہاں تک ہو سکے زیادہ سے زیادہ عبادتوں اور ذکر و تسبیحات اور صدقہ خیرات کا اہتمام کرنا چاہئے۔

ارشادِ نبوی

[illegible] عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صام رمضان ایمانا واحتسابا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ [illegible] [6]

[illegible] [7]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس نے ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے اس کے اب تک کے تمام گناہ بخش دیے گئے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ اگلے اور پچھلے تمام گناہ بخش دیئے گئے۔

(تشریح) اگلے اور پچھلے گناہوں کا مطلب یہ ہے کہ جو گناہ اب تک ہو چکے ہیں وہ بھی اور جو آئندہ ہوں گے وہ بھی سب معاف ہو گئے۔ اور یہ اتنی بڑی فضیلت ہے کہ بہت کم کسی عمل پر اس کی خوشخبری دی گئی ہے۔

حوالہ کی کتابیں:۔

[1] ترمذی، نسائی، احمد، ابن ماجہ، حاکم، عن ابی ہریرۃ قال الحاکم صحیح علیٰ شرطہما مشکوٰۃ ص۱۷۳ ترغیب ص۹۸
[2] بیہقی عن ابن مسعود۔ ترغیب ج ۲ ص۹۹ (طبع ثانی ۱۳۷۳ھ مصر)
[3] مشکوٰۃ ص۱۷۳۔ ترغیب ج ۲ ص۹۴
[4] ترغیب ترہیب جلد ۲ ص۹۹
[5] ترغیب ج ۲ ص۹۴
[6] مشکوٰۃ ص۱۷۳
[7] مجمع الزوائد ج ۳ ص۱۴۴
[8] مسند احمد ج ۲ ص۳۸۵ (قدیم مصری)

ایک ضروری وضاحت

"صدائے پاکستان" کے پچھلے شمارے میں رمضان المبارک کا جو نظام الاوقات دیا گیا تھا وہ مونٹریال سے متعلق تھا۔ اس شمارے میں انگریزی سکشن کے پہلے صفحہ پر ٹورانٹو اور اس کے گرد و نواح کا ٹائم ٹیبل شائع کیا گیا ہے۔

دوسری وضاحت

حاشیے [illegible] اس اخبار کے پتے کی درستگی [illegible] نوٹ فرمائیں

Crescent
FORTNIGHTLY
P.O. BOX 296, STATION [illegible]
TORONTO M4C 1L0 ONT. CANADA

بزمِ خواتین

(دوسری قسط) شفیقہ الحسن

ننھا دوپٹہ کا یہ (؟)

امی جان کے نام

میری پیاری امی جان اور پیاری جان امی

بعد ادائے آداب کے عرض ہے کہ ہمارا خط ملا۔ ہر طرح خیریت ہے اور خیر و عافیت آپ کی خداوند کریم سے نیک مطلوب ہوں ... احوال یہ ہے کہ یہاں سب خیریت سے ہیں۔ ... نامہ آپ کا ... دل کو ازحد خوشی حاصل ہوئی۔ بچی جان کے خسر صاحب کے انتقال پر ملال کی خبر سن کر دل کو ازحد قلق ہوا۔ جب سے یہ خبر سنی ہے چچی جان دھاڑیں مار رو رہی ہیں۔ خلیفہ جی یہ سنانے لیکر پہنچے تو کچھ اتفاق ہوا کہ ان کی دعوت ہی کر دیتا۔ میں نے سوچا کہ اگر دعوت ایسی ہوگی تو خاندان بھر میں تھڑی تھڑی ہو جائے گی۔ فوراً خادمہ کو لیکر باورچی خانہ میں پہنچی۔ اس نے جیسا کہ چولہا آج کا گرم تھا لیکن سالن قدرے تیز آنچ پر پک گیا۔ چنانچہ میں پھلواری سے خلیفہ جی کی تواضع کی۔ بہت خوش ہوئے۔ تائی صاحبہ نے خان بھائی کو شرمندہ کرنے کی کوشش کی۔ دوسرے روز ناشتہ پر بھی بلایا۔ اور جیسے کے ہوتے تھے باہر باندھوں کا بھیتر۔ تائی صاحبہ بھی ہمیشہ اسی طرح کرتی رہتی ہیں۔ رنگ میں بھنگ ڈال دیتی ہیں۔

الفت بیا آئی تھیں۔ تائی صاحبہ کا فرمانا ہے کہ یہ بچپن سے بہری ہیں۔ بہری وہری کچھ نہیں فقط وہ سنتی نہیں ہیں۔ کیا مجال جو آگے سے کوئی ایک لفظ بول جائے۔ گو دل نہیں چاہ رہا تھا لیکن آپ کے اشارے کے مطابق ہم سب ممانی جان سے ملنے گئے۔ وہاں پہنچے تو سارا کنبہ کہیں گیا ہوا تھا۔ چنانچہ ہم چڑیا گھر دیکھنے چلے گئے۔ ایک نیا جانور آیا ہے۔ زیبرا کہلاتا ہے۔ بالکل گدھے کا سیدھا سادا ماڈل معلوم ہوتا ہے۔ اچھا ہی ہوا دیکھ لیا ورنہ ممانی جان کی طعن آمیز گفتگو سنی پڑتی۔

پڑھائی خوب زور و شور سے ہو رہی ہے۔ پچھلے ہفتے ہمارے کالج میں مس سیدانی تھیں جنہیں حال ہی میں ولایت سے کئی ڈگریاں ملی ہیں۔ بڑی قابل عورت ہیں۔ انہوں نے "مشرقی علوم اور پردہ" پر لیکچر دیا۔ ہال میں تل دھرنے کو جگہ نہ تھی۔ مس سیدہ نے شنائل کا ہلکا گلابی جوڑا پہن رکھا تھا۔ قمیض پر کلیوں کے ننھے نقش اچھے لگ رہے تھے۔ گلے میں سرخ پھول نہایت خوبصورتی سے ٹانکا گیا تھا۔ شیفون کے آبی دوپٹے کا کام مجھے بڑا پسند آیا۔ جنوبی بوٹے جڑے ہوئے کاڑھے ہوئے تھے ہر دوسری قطار کلیوں کی تھی ہر چوتھی قطار میں دو پھول کے بعد ایک کلی کم ہو جاتی تھی۔ دوپٹے کا پلو سادہ تھا لیکن بھلا معلوم ہو رہا تھا۔ مس سیدہ نے بھاری سینڈل کی جگہ نفیس پہن رکھی تھی۔ کانوں میں ایک ایک نگ کے ہلکے آویزے تھے۔ تراشیدہ بال بڑی استادی سے پوش کیے ہوئے تھے۔ جب آئیں تو کوئی کی خوشبو سے سب کچھ معطر ہو گیا لیکن مجھے ان کی شکل پسند نہیں آئی۔ ایک آنکھ دوسری سے کچھ چھوٹی ہے مسکراتی ہیں تو دانت بڑے معلوم ہوتے ہیں۔ ویسے بھی عمر رسیدہ ہیں۔ ہمدانی ہم لڑکیوں سے کم از کم پانچ سال بڑی۔ ان کا لیکچر نہایت مقبول ہوا۔

آپ یہ سنکر بھولی نہ سمائیں گی کہ آپ کی پیاری بیٹی امور خانہ داری پر کتاب لکھ رہی ہے مجھے بڑا غصہ آتا تھا جب لوگوں کو یہ کہتے سنتی تھی کہ پڑھی لکھی لڑکیاں گھر کا کام کاج نہیں کر سکتیں۔ چنانچہ میں نے یہ آزمودہ ترکیبیں لکھی ہیں جو ملک کے مشہور زنانہ رسالوں میں چھپیں گی۔ نمونے کے طور پر چند ترکیبیں نقل کرتی ہوں۔

لذیذ آرنج سکواش تیار کرنا:

آرنج سکواش کی بوتل دیکھ کر بوتل آرنج سکواش ہی کی ہے کسی اور چیز کی تو نہیں ورنہ نتائج خاطر خواہ برآمد نہ ہوں گے۔ دوسری ضروری بات یہ ہے کہ مہمانوں اور گلاسوں کی تعداد ایک ہونی چاہیے۔ گلاسوں کو پہلے صابن سے دھو لینا اشد ضروری ہے۔ یہ سارا سکواش بڑی حفاظت سے گلاس میں انڈیلو اور پانی کی مناسب مقدار کا اضافہ کرو۔ مرکب کو چمچے سے تقریباً نصف منٹ ہلاؤ۔ نہایت فرحت افزا آرنج سکواش تیار ہو گا۔

موسم کے مطابق برف بھی استعمال کیا جا سکتا ہے (لیکن برف کو صابن سے دھو لینا نہایت ضروری ہے)

انڈا ابالنا:

یہ عمل اتنا آسان نہیں جتنا کہ لوگ سمجھتے ہیں۔ لیکن اگر مشق ہو جائے تو نا ممکن نہیں لگتا۔ ایک انڈا لو۔ بہتر ہو گا کہ انڈا مرغی کا ہی ہو۔ بیشتر اس کے کہ عمل شروع کیا جائے یہ معلوم کر لینا ضروری ہے کہ انڈا خراب تو نہیں۔ اس کا سہل اور مجرب طریقہ یہ ہے کہ انڈے کو ایک کونے سے ذرا سا توڑ کر تسلی کر لی جائے۔ اب انڈے کو پانی میں ڈبو کر پانی اور انڈا دیگچی میں ڈالو۔ دیگچی کو چولہے پر رکھ کر گرم کرو اور ذرا ذرا سی دیر کے بعد پانی میں انگلی ڈال کر دیکھتی رہو کہ ابال آنا شروع ہوا ہے یا نہیں۔ شوں شوں کی آواز پر آگ بجھا دو اور ہاتھ یا کسی اور چیز کی مدد سے جلدی سے انڈا دیگچی سے باہر نکال کر ٹھنڈا کر لو۔ اب انڈا بالکل تیار ہے اور کھایا جا سکتا ہے۔

مزیدار فروٹ سلاد تیار کرنا:

مہمانوں کے یکلخت آجانے پر ایک ملازم کو جلدی سے بازار بھیج کر کچھ بالائی اور ایک ٹین پھلوں کا منگاؤ۔ اس کے آنے سے قبل ایک بڑی قاب کو صابن سے دھو لینا چاہیے ورنہ بعض اوقات فروٹ سلاد میں اس طرح کی خوشبو آنے لگتی ہے۔ اب ٹین کھولنے کا اوزار لیکر ٹین کا ڈھکنا کھولنا شروع کرو اور خیال رکھو کہ کہیں انگلی نہ کٹنے پائے۔ بہتر ہو گا کہ ٹین اور اوزار نوکر کو دیدو۔ اب پھلوں کو ڈبے سے نکال کر حفاظت سے قاب میں ڈالو اور بالائی کی ہلکی تہہ جماؤ۔ نہایت مفرح فروٹ سلاد تیار ہے۔ نوش جان کیجئے۔

میز پوش سینا:

جس میز کے لئے پوش درکار ہو اس کا ناپ لو۔ بہتر ہو گا کہ کپڑے کو میز پر پھیلا کر لمبائی کے مطابق دو ہی قینچی سے قطع کر دیا جائے۔ اب ہاتھ یا پاؤں سے چلنے والی سینے کی مشین منگاؤ سوئی میں دھاگا پرو کر میز پوش کے ایک کونے سے سلائی شروع کر دو اور سیتی چلی جاؤ حتیٰ کہ وہی کونا آ جائے جہاں سے بخیہ شروع کیا تھا۔ اب میز پوش کو استعمال کرنے کے لئے اگر سیتے وقت سارے کپڑے کے دو چار جگہ جائیں تو دوگنا پیدا ہوگا۔ میز پوش تیار ہو گا ضرورت کے مطابق بعد میں کسی سے بیل بوٹے کڑھوائے جا سکتے ہیں۔

استری پھیرنا:

(نوٹ: استری بڑا پرانا لفظ ہے۔ سنسکرت میں بار بار استری کا لفظ آتا ہے۔)

اپنے قدسے تقریباً دو فٹ نیچی میز منگاؤ۔ استری میں دہکتے ہوئے کوئلے ڈالو اور ہاتھ پھیر کر دیکھتی رہو کہ گرم ہوگئی ہے یا نہیں۔ جب ہاتھ پھیرنا مشکل ہو جائے تو سمجھو کہ استری تیار ہے اور پھیری جا سکتی ہے۔ اب استری کو کپڑے پر پھیر دو کپڑے کی تہہ درست کرنا نہ بھولنا چاہیے ساتھ ساتھ پانی کے چھینٹے دیتی جاؤ کپڑے۔ جب کپڑا بھورا ہونا شروع ہو جائے تو سمجھ لو کہ مکمل استری ہو گئی۔ دوسرا کپڑا پہلے استری شدہ کپڑے پر پھیلا کر یہ عمل دہرایا جا سکتا ہے۔ جب ایک جانی پہچانی بھینی بھینی خوشبو کمرے میں پھیلنے لگے تو استری کرنا یکلخت بند کر دو۔

کپڑے ڈرائی کلین کرنا

مناسب کپڑے چن کر ایک سمجھدار ملازم کے ہاتھ ڈرائی کلین کی دکان پر بھجوا دو۔ بھیجنے سے پہلے ایک فہرست ضرور تیار کر لو۔ بہتر ہو گا کہ صرف وہی کپڑے بھیجو جنہیں بعد میں پہچان سکو۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ کپڑے ٹھیک ڈرائی کلین کئے گئے ہیں ایک بڑی آزمودہ ترکیب ہے۔ کپڑوں کو سونگھ کر دیکھو اگر پیٹرول کی بو آ رہی ہو تو سمجھو ٹھیک ہے اب کپڑے ڈرائی کلین ہو چکے ہیں اور انہیں فوراً استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

سچ بتانا امی جان: آپ کو یہ ترکیبیں پسند آئیں؟ ایسی اور بہت سی بھی میرے پاس محفوظ ہیں جنہیں اگلے خط میں بھیجوں گی۔

میں علی الصبح اٹھتی ہوں۔ آپ کا ارسال شدہ ٹائم پیس اتنے زور سے بجتا ہے کہ بات کا سے رضائی میں لپیٹ کر ایک کونے میں رکھنا پڑتا ہے۔ عید پر جو خالہ جان نے مٹاپے کا طعنہ دیا تھا اس کے لئے بڑی کوشش کرتی ہوں۔ فالتو چیزوں کا استعمال آہستہ آہستہ بند کر دیا ہے۔ ناشتے سے پرہیز کرتی ہوں۔ کپڑوں تک میں نشاستہ نہیں لگنے دیتی۔

ایک خوشخبری دینا تو بھول ہی گئی۔ آپ کی پیاری بیٹی اس سال فارسی میں اول آئی ہے۔ یہ سب آپ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے ورنہ یہ لونڈی کس لائق ہے۔ یہ آپ سے کس نے کہا کہ میں کلاس میں دیر سے پہنچتی تھی۔ پہلا گھنٹہ فارسی کا ہوتا تھا اور فارسی میں صرف دو لڑکیاں تھیں یعنی عجز اور میں۔ شاید یہ اطلاع میری سہیلیوں میں سے نہیں بلکہ رشتہ داروں میں سے کسی نے پہنچائی ہوگی۔

اب خط ختم کرتی ہوں۔ میری طرف سے بزرگوں کی خدمت میں آداب، بچوں کو بہت بہت پیار، ہم عمروں کو سلام علیک۔

دیکھئے وہ کون سا مبارک دن ہوتا ہے کہ میں امی ابی کو جھک کر آداب کروں اور امی جان مجھے کلیجے سے لگا لیں اور سدا لگائے رکھیں۔ آمین ثم آمین فقط

ناچیز، آپ کی بیٹی

غزل

معین احسن جذبی

زندگی ہے تو بہرحال بسر بھی ہوگی
شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

پرسشِ غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا
دیدنی کیفیتِ قلب و جگر بھی ہوگی

منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

ہوگا افسردہ ستاروں میں کوئی نالۂ صبح
غنچہ و گل میں کہیں بادِ سحر بھی ہوگی

دل اگر دل ہے تو جس راہ پہ لے جائے گا
دردمندوں کی وہی راہ گذر بھی ہوگی

وطن چھوڑنے سے پہلے

ڈاکٹر نور احمد شیخ (ڈورلٹم)

اپنے سینے میں لیے بے کیف یادوں کا غبار
ہم چلے ہیں چھوڑ کر اُجڑی محبت کے دیار
مہرِ خوباں الوداع ، قہرِ رقیباں الوداع
شامِ غریباں الوداع ، الوداع اے کوئے یار
چار دن ہم بھی ترے سائے تلے کھیلا کیے
اپنی قسمت میں کہاں تھے ورنہ یہ لیل و نہار
آنا جانا ، جانا آنا ، سلسلہ کب یہ رکا
زندگی ہوگی تو ہم بھی پھر ملیں گے ایک بار
کیا ہوا گر ایک بیمار تمنا چل بسا
صحنِ گلشن میں ابھی باقی ہیں کتنے برگ و بار
شیخ جی چل بھی پڑو لے کر خدا کا نام اب
کب سے رن وے[1] پہ کھڑا کرتا ہے بوئنگ[2] انتظار
گیلری میں الوداع کہنے نہیں آیا کوئی
مڑ کے آخر کس لیے تم دیکھتے ہو بار بار
مڑ کے مغرب سے اڑی اس کی نسیم دلنواز
رہ گئے پیچھے بہشت اگلی محبت کے مزار

1. 'Run way'
2. 'Boeing'

ٹورانٹو میں شام پاکستان

نمائندۂ خصوصی کے قلم سے

وطن عزیز سے اگر معمولی حادثات کی خبریں بھی آتی ہوں تو دنیا کے کونے کونے میں بسنے والے پاکستانیوں کے دلوں پر دکھ اور درد کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ پچھلے دنوں پاکستان میں عظیم ترین سیلاب سے جو تباہی و بربادی ہوئی اس کی کہانی ہر پاکستانی کی زبان پر تھی۔ جگہ جگہ پاکستانی اکٹھے ہوئے، چندے جمع کیے گئے اور پاکستان کو امداد بھیجنے کے لیے غیر ملکی بین الاقوامی انجمنوں [illegible] [illegible]

شمالی امریکہ کے کئی شہروں میں پاکستانی نوجوانوں نے جلسے [illegible] پروگرام [illegible] ٹورانٹو میں بھی [illegible] کا ایک پروگرام ڈاکٹر ارشد مجید اور بیگم مسرت مجید نے "شام پاکستان" کے نام سے پیش کیا۔ ڈاکٹر ارشد اور بیگم مجید سے ٹورانٹو اور اس کے گرد و نواح میں بسنے والے پاکستانی متعارف ہیں۔ ۱۹۷۱ کی ہند و پاک جنگ کے بعد ان ہی کے گائے ہوئے قومی ترانوں، گیتوں اور چٹ پٹے مکالمات نے "صدائے پاکستان" ریڈیو پروگرام کے ذریعے پاکستانی اہل ذوق کے دلوں کو لبھایا اور داد و تحسین حاصل کی۔ شمالی امریکہ کے دوسرے شہروں میں بسنے والے قارئین کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ یہ وہی ڈاکٹر ارشد مجید ہیں جن کی خاطر پاکستانی فلموں کی مشہور اداکارہ مسرت نذیر نے چند برس پہلے بیگم مسرت مجید بن کر فلمی دنیا اور اپنے لاکھوں پرستاروں کو خیر باد کہہ دیا تھا۔

۲۲ ستمبر ۱۹۷۳ء کی شام رائرسن پالی ٹیکنک انسٹیٹیوٹ کا تھیٹر ہال پاکستانی خواتین و حضرات سے بھرا ہوا تھا۔ یہاں کی مصروف زندگی میں ایک دوسرے سے ملنا دشوار ہے۔ موقع غنیمت تھا۔ دوست یار گلے مل رہے تھے۔ سیلاب کی تباہ کاریوں اور ملک عزیز کی خبروں کا تبادلہ ہو رہا تھا۔

کوئی آٹھ بجے شب پروگرام کا آغاز تلاوت کلام مجید سے کیا گیا۔ پھر جمال ظفر صاحب نے تمہیدی تقریر کی۔ جس میں انہوں نے پاکستان کے سیلاب کی ہولناک تباہیوں کا ذکر کیا اور یہ بھی بتایا کہ ٹورانٹو سے سیلاب زدہ پاکستانیوں کے لیے اب تک کتنی ادویات وغیرہ بھیجی جا چکی ہیں۔ اونٹاریو کے وزیر اعلیٰ جناب ولیم ڈیویس اس پروگرام میں تو نہ آ سکے لیکن انہوں نے اپنی ہمدردیوں کا ٹیلی گرام بھیج دیا تھا جسے محمود رنگون والا نے پڑھ کر سنایا۔

ڈاکٹر ارشد مجید اس پروگرام کے اناؤنسر تھے۔ جب انہوں نے مسرت مجید کی اسٹیج پر آمد کا اعلان کیا تو حاضرین نے پرجوش تالیوں سے اس کا استقبال کیا۔ اسٹیج کی مدھم روشنی میں مسرت مجید دھیرے دھیرے قدم بڑھاتی ہوئی آگے آئیں اور اپنی مدھر آواز میں فیض کی یہ خوبصورت غزل چھیڑ دی ؎

تم آئے ہو نہ شب انتظار گزری ہے
تلاش میں ہے سحر بار بار گزری ہے

ڈاکٹر ارشد بھی ان کے ہم نوا تھے۔ وطن عزیز سے دور [illegible] حاضرین پر [illegible] طاری ہو گئی

[illegible]

[illegible] ENGLISH TOPS [illegible] ایک گروپ ہے جو ملکی [illegible] پاکستانی گیتوں

[illegible] کی خاطر آٹوا سے تشریف لائی تھیں۔ اپنی انتہائی خوبصورت اور منجھی ہوئی آواز میں انہوں نے ایک نیم کلاسیکی گیت "ترے بھیگے موسم رہا" گا کر محفل کو لوٹ لیا۔ بلاشبہ یہ گیت اس پروگرام کا حاصل تھا۔ حاضرین نے دل کھول کر داد دی اور دوسرے گیت کی فرمائش کرنے لگے۔ پھر محترمہ نے ایک اور نغمہ پیش کیا "مجھے تم نظر سے گرا تو نہ دو گے" اس پر بھی خوب داد ملی۔ اور بڑی دیر تک تالیاں گونجتی رہیں۔

رحمٰن صاحب نے ایک نغمہ "جب بھی چاہیں اک نئی صورت بنا لیتے ہیں لوگ" پیش کیا۔ ساتھ ہی وہ اکارڈین بھی بجا رہے تھے۔ انہوں نے دوسرے سازندوں کے ساتھ گانے والوں کی سنگت بھی بڑی خوبی سے کی۔ خاص طور پر پروگرام کے آخر میں "سوہنی دھرتی" اور "قومی ترانے" کے وقت ان کی اکارڈین پر سنگت بڑی عمدہ تھی۔

پروگرام کے درمیان ایک وقفہ دیا گیا جس میں جاوید ہاشمی نے حاضرین سے چندے کی درخواست کی۔ جس سے تقریباً سترہ سو ڈالر جمع ہوئے۔ اس کے بعد پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں کی فلم دکھائی گئی۔ فلم کافی موثر تھی۔ جس نے سب کے دل اداس اور آنکھیں نم کر دیں۔

ہملٹن والے بشیر خان صاحب نے اپنی گمبھیر آواز میں نغمہ "میرا محبوب آ گیا" پیش کر کے بڑی داد حاصل کی۔ کچھ وقفے کے بعد جب وہ دوبارہ اسٹیج پر آئے اور بیک وقت مردانہ و زنانہ آواز میں "آ بھی جا، آ بھی جا" والا گیت گایا تو حاضرین بہت ہی محظوظ ہوئے۔ اس کے بعد انہوں نے پاکستان کے مشہور مزاحیہ فنکار شکیل احمد کے لب و لہجہ کی نقل کرتے ہوئے ایک مزاحیہ خاکہ پیش کیا جو سنا ہوا ہونے کے باوجود ایک نئی چیز معلوم ہوتی تھی۔ سامعین ایک ایک جملے پر فلک شگاف قہقہے لگا رہے تھے۔

[illegible]

مسرت مجید [illegible] سوائے [illegible] پنجابی [illegible] تو انہوں نے "شہباز قلندر" چھیڑ دیا تو حاضرین بھی ان کے شریک ہو گئے تھے۔ "دما دم مست قلندر" "علی دا پہلا نمبر" کے مستانہ نعروں سے ہال گونج رہا تھا اور دل گواہی دے رہا تھا کہ یہ جوش یہ ولولہ صرف پاکستانی قوم کا ہی حصہ ہو سکتا ہے!

ڈاکٹر ارشد، مسرت مجید اور رحمٰن صاحب نے "سوہنی دھرتی اللہ رکھے" والا گیت بڑی خوبصورتی سے پیش کیا۔ پھر ان ہی حضرات نے "قومی ترانہ" شروع کیا۔ تمام سامعین شانہ بشانہ کھڑے اونچی آواز میں "پاک سرزمین شاد باد" گا رہے تھے۔ تقریباً بارہ سو پاکستانی صدائیں "سایۂ خدائے ذوالجلال" کے عنوان سے ڈاؤن ٹاؤن میں گونج رہی تھیں۔ "پاکستان زندہ باد" اور تکبیر کے نعروں کے ساتھ یہ محفل کوئی ساڑھے گیارہ بجے شب اختتام کو پہنچی۔

سوائے چند کوتاہیوں کے یہ پروگرام اپنی جگہ کامیاب رہا جس کا سہرا ان تمام پاکستانیوں کے سر ہے جو وہاں موجود تھے۔ اس پروگرام کے منتظمین اور سیلاب فنڈ کمیٹی کی کارکردگی قابل ستائش ہے جن کی تگ و دو سے اندازاً چار پانچ ہزار ڈالر وزیر اعظم سیلاب فنڈ میں جا سکے۔

ادارہ اورینٹل ڈشس ریسٹورانٹ
کو
اس کی پہلی سالگرہ کے موقعہ پر
مبارکباد اور نیک تمنائیں
پیش کرتا ہے!
Oriental Dishes
DINING LOUNGE
922-1004
1234 1/2 YONGE STREET
TORONTO

آپ کی اپنی دوکان جہاں آپ کی پسند اور مزاج کا خیال رکھا جاتا ہے، تازہ پان، سبزیاں، دالیں
اور مصالحہ جات، تازہ گوشت
[illegible]
PAK VARIETY STORE
245 KENILWORTH - HAMILTON
549-9475

بزنجو، مینگل اور مری نے حکومت کے نمائندوں سے بات چیت کرنے سے انکار کردیا

حکومت متحدہ محاذ کی ہائی کمان سے مذاکرات کرے

ہم محاذ کے فیصلوں کے پابند ہیں، نیپ کے اسیر راہنماؤں کا موقف

لاہور ۔ ۱۸ ستمبر (خصوصی رپورٹ) متحدہ جمہوری محاذ کے ذرائع نے آج یہاں بتایا ہے کہ بلوچستان نیپ کے گرفتار لیڈروں میر غوث بخش بزنجو، سردار عطاء اللہ مینگل اور سردار خیر بخش مری نے حکومت کے نمائندوں کے ساتھ بات چیت کرنے سے انکار کر دیا ہے اور کہا ہے کہ حکومت متحدہ محاذ کی ہائی کمان سے گفت و شنید کرے۔ ان ذرائع نے بتایا ہے کہ نیپ کے اسیر لیڈروں کو حال ہی میں ... کے مقام پر منتقل کیا گیا ہے جہاں ان سے مسٹر ... نے حکومت کے نمائندوں کی حیثیت سے رابطہ قائم کیا۔ اسیر لیڈروں نے ان سرکاری نمائندوں سے سیاسی امور پر بات چیت کرنے سے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ وہ متحدہ محاذ کی ہائی کمان کے فیصلوں کے سختی سے پابند ہیں اور خود سیاسی نوعیت کی بات چیت کرنے پر تیار نہیں ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ پہلے وہ محاذ کے مطالبات کو تسلیم کرے جس کے بعد ہائی کمان حکومت سے بات چیت کر سکتی ہے۔ اسیر راہنماؤں نے حکومت کے نمائندوں کو مشورہ دیا کہ وہ محاذ کی ہائی کمان سے رجوع کریں اور آئندہ ان سے ملاقات کی زحمت نہ کریں۔

فلپائنی مسلمانوں کی حالت بہتر بنائی جائے گی

جدہ ۔ ۱۸ ستمبر (ریڈیو رپورٹ) صومالیہ کے وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ فلپائن کی حکومت نے مسلمانوں کے حالات بہتر بنانے کا وعدہ کیا ہے۔ وزیر خارجہ صومالیہ اس مشن کے ہمراہ فلپائن گئے تھے جو گذشتہ مارچ میں اسلامی کانفرنس نے ترتیب دیا تھا اور جس نے حال ہی میں فلپائن کے مسلمانوں کے علاقوں کا دورہ مکمل کیا ہے۔ وزیر خارجہ نے بتایا کہ مشن کامیاب رہا ہے۔ انہوں نے حکومت فلپائن کو فلپائنی مسلمانوں کی بہتری کے لئے اہم تجاویز پیش کی ہیں۔

واشنگٹن ... اس کی حالت ... انہوں نے ... بیان کی گئی ہے

روزنامہ "حریت" کی اشاعت پر پابندی ختم کر دی گئی

جسارت "عادی مجرم" ہے اسے برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ وفاقی وزیر اطلاعات

راولپنڈی ۔ ۱۸ ستمبر (اے پی پی) مرکزی وزیر اطلاعات و نشریات مولانا کوثر نیازی نے کہا ہے کہ کراچی کے روزنامہ "حریت" کی اشاعت پر ... عائد پابندی ... ختم کر دی گئی ہے ... کی ہے۔ "جسارت" اخبار کا ذکر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا اس کا معاملہ بالکل مختلف ہے یہ ایک خاص سیاسی جماعت کا ترجمان ہے جس کا ... حکومت کے بارے میں ہمیشہ قابل اعتراض رہا ہے۔ اس کے علاوہ ...

... کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

لاہور، کراچی اور راولپنڈی کے درمیان ٹیلیفون کا نظام جزوی طور پر بحال کر دیا گیا

راولپنڈی ۔ ۱۸ ستمبر (اے پی پی) سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ ... ٹیلیفون کے محکمے نے ... تمام ... جہلم، بادامی باغ ... قریب ٹیلی فون کے خراب ہونے والے رابطے ... کا نظام بحال کر دیا ہے اور اب ٹیلی فون کا رابطہ بحال ہو گیا ہے۔ یاد رہے سیلاب کے باعث تقریباً جار سیل کے علاقے میں تار برقی کا نظام خراب ہو گئے تھے۔

رسد کے ۲۷۴۳ کسانوں کو زمینوں کے مالکانہ حقوق مل گئے

پشاور ۔ ۱۸ ستمبر ... ایک تقریب کے دوران گورنر سرحد ... نے ۲۷۴۳ بے زمین کسانوں کو زمینوں کے مالکانہ حقوق سے متعلق دستاویزات ان کے حوالے کر دیں۔ یہ زمینیں حکومت نے ناجائز قابضین سے حاصل کی تھیں۔ اس موقع پر تقریر کرتے ہوئے گورنر نے کہا ... کہ حکومت اس بات کا عزم کر چکی ہے کہ وہ عوام کے استحصال کا خاتمہ کرے گی اور عوام کی قسمتوں کو بہتر بنانے کی کوشش کرتی رہے گی تاکہ انہیں خوشحالی حاصل ہو سکے۔

دلی میں فیض احمد فیض کی صدارت میں سجاد ظہیر کی یاد میں جلسہ منعقد ہوا

برخوردار کی وفات صرف میرا نہیں بلکہ ہم عقیدہ تمام لوگوں کا مشترکہ نقصان ہے: نجمیہ سجاد ظہیر

دہلی ۔ ۱۸ ستمبر (ریڈیو رپورٹ) ... سجاد ظہیر ... جلسہ فیض احمد فیض کی صدارت میں منعقد ہوا ... سجاد ظہیر نے ان کے ایک خط سے اقتباس ... انہوں نے ... لکھا تھا ... میں ... فیض احمد فیض نے اپنی صدارتی تقریر میں مرحوم سجاد ظہیر کو خراج عقیدت پیش کیا ... واضح رہے کہ سجاد ظہیر دانشوروں کی ہند اور افریقی کانفرنس میں شرکت کے لئے ماسکو گئے ہوئے تھے جہاں ان کا انتقال ہو گیا۔ فیض ان کی میت کے ساتھ ہی ماسکو سے دہلی پہنچے۔

۲۸۰۰ پاکستانی جنگی قیدیوں کو بنگلہ دیش کی مختلف جیلوں میں منتقل کر دیا گیا ہے

پاکستان دو دن کی پیشگی اطلاع پر اپنے جوانوں کا استقبال کرنے کے لئے تیار ہے: میجر جنرل مرزا

بھارت سے ۱۸۳ بیمار زخمی جنگی قیدی واپس وطن پہنچ گئے

لاہور ۔ ۱۵ ستمبر (اے پی پی) واہگہ بارڈر کے راستے آج بھارت نے پاکستان کے ۱۸۳ بیمار اور زخمی جنگی قیدی پاکستان واپس بھیجے۔ ان جنگی قیدیوں میں فوج کے ایک سو افسر ہیں جبکہ ۵۳ کا تعلق سول آرمڈ فورسز سے ہے ... بیمار قیدیوں کو سٹریچر پر لایا گیا، اور انہیں یہاں سے فوجی ایمبولینسوں کے ذریعے مختلف ہسپتالوں میں پہنچا دیا گیا۔ سرحد پر ... لیفٹیننٹ جنرل عبدالحمید خان ... نے جنگی قیدیوں کا استقبال کیا۔

بیمار قیدیوں میں جو دو صحافی واپس آئے ہیں ان میں روزنامہ ... کراچی کے مشرقی پاکستان کے نمائندہ مسٹر ... شامل ہیں۔ قیدیوں نے ہسپتال کا لباس زیب تن کر رکھا تھا ... البتہ چند ایک جو زیادہ بیمار تھے علیحدہ سٹریچر پر لائے گئے۔ واپس آنے والوں میں ... افراد ٹی بی کا شکار ہیں۔

شام نے بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا

دمشق ۔ ۱۸ ستمبر (رپورٹ) ... شام نے آج بنگلہ دیش کو رسمی طور پر تسلیم کرنے کا اعلان کر دیا ہے ... شام کے نائب وزیر اعظم اور ... عبدالحلیم خدام نے اس سلسلہ میں بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ کو ایک خط بھیج دیا ہے۔

ستر پاکستانی قیدیوں کو ڈھاکہ کیمپ میں منتقل کر دیا گیا

نئی دہلی ۔ ۱۸ ستمبر (ریڈیو رپورٹ) بھارت نے آج ستر پاکستانی جنگی قیدیوں کو بنگلہ دیش کے حوالے کر دیا۔ یہ پاکستانی فوجی اے ... جنگ کے دوران مشرقی پاکستان کے دور دراز مقامات پر تعینات تھے اور انہیں ... کے کئی دن بعد گرفتار کیا گیا۔ بھارتی حکومت کی اجازت کے بعد انہیں ڈھاکہ کیمپ میں منتقل کر دیا گیا لیکن اس میں پانچ قیدیوں کو واپس نہیں بھیجا گیا۔ دہلی ریڈیو نے اس کی کوئی وجہ نہیں بتائی۔

اقوام متحدہ کی رکنیت کیلئے بنگلہ دیش کی نئی کوشش

چین پھر مخالفت کرے گا

ڈھاکہ ۔ ۱۸ ستمبر (اے پی پی) امسال پھر بنگلہ دیش انجمن اقوام متحدہ کا ممبر بننے کے لئے کوشش کرے گا۔ اس مقصد کے لئے بنگلہ دیش کو توقع ہے کہ اب جبکہ پاک بھارت معاہدہ ہو چکا ہے بنگلہ دیش کو عالمی برادری کا رکن بنا لیا جائے گا۔ اس کے برعکس باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ بنگلہ دیش کی رکنیت کا فیصلہ زیادہ تر چین کے رویہ پر ہے۔ پاکستان کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ مسٹر عزیز احمد نے حال ہی میں چین کا دورہ کیا تھا اور یہ بات واضح کر دی تھی کہ جب تک بنگلہ دیش ۱۹۵ جنگی قیدیوں پر مقدمات چلانے کا فیصلہ واپس نہ لے اس وقت تک چین بنگلہ دیش کو اقوام متحدہ کا رکن نہیں بننے دے گا۔ یاد رہے کہ گذشتہ سال چین نے بنگلہ دیش کی درخواست کو ویٹو کر دیا تھا۔ سلامتی کونسل کے آئندہ ماہ کے اجلاس میں اسی درخواست پر از سر نو غور کیا جائے گا۔

ایڈیٹروں کو رہائی کے بعد پھر گرفتار کر لیا گیا

کراچی ۔ ۱۸ ستمبر (نمائندہ خصوصی) روزنامہ جسارت کے ایڈیٹر صلاح الدین، حریت کے ایڈیٹر ... اور پبلشر ... کو ایک مقامی عدالت نے ... روپے کی ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا ہے۔ بعد میں تینوں حضرات کو دوبارہ گرفتار کر لیا گیا اور انہیں تھانے لے جایا گیا۔

PEACOCK
PRINTING & TYPESETTING

اعلیٰ طباعت کا مرکز

We will provide you with a complete
PRINTING
Service
A GOOD SELECTION OF EID CARDS ARE AVAILABLE.
PERSONALIZED IF DESIRED.
Remember your friends and relatives at EID.
HAMID M. HUSAIN
55 Queensdale Avenue, Toronto M4J 1Y1 Ontario
466-5660 PEACOCK PRINTING & TYPESETTING 466-5660

HALAL MEAT
RICE
DALS
MASALAS

ASIAN FOOD CENTRE
1272 BLOOR ST.W

KEITH REALTOR

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W. Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 763-4988

SOLD KEITH

SULTAN QURESHI

۱۹۷۵ میں ایرانی فضائیہ ایشیا میں چین اور روس کے بعد تیسری بڑی قوت ہوگی

طیارہ سازی اور میزائل بنانے کے کارخانوں کا قیام

دو ٹینک ڈویژن تیار کر لیے گئے، کمپیوٹر میزائل سسٹم مروج کیا جا رہا ہے

تہران ۔ ۔ ستمبر (نامہ نگار خصوصی) پانچ سال کے بعد ایران کی فضائیہ جدید ترین ہتھیاروں کے اعتبار سے ایشیا اور مشرق وسطیٰ میں روس اور چین کے بعد تیسری بڑی فضائی قوت ہوگی ...

گندے انڈے اور ٹماٹر قصوری کیلیے لائے گئے تھے

پیپلز پارٹی والوں نے میاں طفیل کو مشتعل کر دیا

ملتان ۔ ۔ ستمبر (نامہ نگار خصوصی) پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے آج ہوائی اڈے کو اس وقت گھیرے میں لے لیا جب اپوزیشن رہنما ...

پنجاب کے وزیر اعظم امدادی فنڈ سے ۵۰ فیصد حصہ پایا جائے : میاں طفیل محمد

بلوچستان اور سرحد میں نیپ اور جمعیت کو حکومت بنانے کا کیوں اختیار نہیں ہے

پیپلز پارٹی امدادی کام میں کوئی دلچسپی نہیں لے رہی : اسعد گیلانی

ملتان ۔ ۔ ستمبر (نامہ نگار خصوصی) امیر جماعت میاں طفیل محمد نے کہا ہے کہ سیلاب کی قومی مصیبت کو برسر اقتدار پارٹی نے قوم کو پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے بجائے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا ہے ...

پاکستان کو عالمی بنک ۵ کروڑ ساٹھ لاکھ ڈالر کی امداد دے چکا ہے

دنیا میں ایک ارب باشندوں کی سالانہ آمدن صرف ایک سو ڈالر ہے : عالمی بنک کی رپورٹ

اقوام متحدہ ۔ ۔ ستمبر ...

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
Send cheques to
The Crescent صدائے پاکستان
P.O. BOX 296, STATION 'H'
TORONTO M4C 1E0 ONT CANADA

Name.

Address.

thé Store
VISIT US FOR A COMPLETE SHOPING SERIVCE
AFRO ASIAN
918 PAPE AVE TORONTO

حلال گوشت اور مرغیاں
نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی،
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

سچی باتیں

دنیا میں سب سے زیادہ کتاب کون سی پڑھی جاتی ہے۔۔۔
توریت، انجیل، گیتا ۔۔۔ جی نہیں قرآن

دنیا میں حافظ اول سے آخر تک ازبر رکھنے والے سب سے زیادہ کس کتاب کے پائے جاتے ہیں ۔۔۔ شاہنامہ کے، گیتا کے، مہابھارت کے، بائبل کے؟ ۔۔۔ جی نہیں صرف قرآن کے۔

دنیا میں محفوظ ترین، مضبوط ترین، صحیح ترین کتاب جس کے زیر و زبر تک میں فرق نہ آیا ہو، اور کون سی ہے؟ ۔۔۔ نہ سنسکرت کی نہ کسی اور زبان کی بلکہ صرف عربی قرآن۔

دنیا کی تاریخ میں کامیاب ترین شخصیت کس کی گزری ہے؟ ۔۔۔ نہ فلاں بزرگ کی، نہ فلاں رشی کی، نہ فلاں داعی کی، بلکہ صرف محمد رسول اللہ کی!

دنیا کی تاریخ میں کون سا دین اس سرعت کے ساتھ پھیلا جس نے بیگانوں کو دنگ اور مبہوت بنا دیا؟ ۔۔۔ محمد کا لایا ہوا اسلام۔

یہ سارے جواب تاریخی و تحقیقی ہیں۔ خوش اعتقادی کا نتیجہ نہیں۔ فاضل فرنگیوں کے تسلیم کئے ہوئے ہیں۔ یورپ اور امریکا کے مستشرقین کے مانے ہوئے ہیں۔ آپ بھی اپنے غیر مسلم دوستوں رفیقوں، شناساؤں کو اس پر لائیے کہ ان حقیقتوں پر ٹھنڈے دل سے خالی الذہن ہو کر سوچیں کہ آخر ان کی عقل انہیں کس نتیجہ پر پہنچاتی ہے؟ ۔۔۔ آخر یہ دنیا کا کیسا اعجوبہ ہے کہ ایک شخص ایک غیر متمدن غیر ترقی یافتہ ملک میں پیدا ہوتا ہے، نہ پڑھا نہ لکھا، باپ کی شکل تک نہ دیکھی، ماں، دادا، دونوں کی سرپرستی سے بچپن ہی میں محروم ہو گیا، نہ کسی بادشاہ کی مدد نہ کسی امیر کی۔ اپنا قبیلہ بجائے مدد اور اعانت کے الٹا دشمن ہو گیا پھر بھی چند سال کی مدت میں اس کے ملک کے باہر بھی ہزار ہا میل مربع کا علاقہ اس کی امت کے قدموں کے نیچے تھا۔ ۔۔۔ تاریخ نگار اسے "اعجوبہ" کہہ کر گزر جاتے ہیں اور ہم اسے اپنی دینی اصطلاح میں "معجزہ" سے تعبیر کرتے ہیں تو آپ کی روشن خیالی کی جبین پر شکن پڑ جاتی ہے!

سیلاب زدہ گان کی امداد کے لیے اپنے عطیات
اس پتہ پر روانہ کریں:۔

PRIME MINISTER'S FLOOD RELIEF FUND
EMBASSY OF PAKISTAN
505 WILBROD STREET
OTTAWA, ONTARIO

پاکستان کے جنگی قیدیوں کی واپسی

مرتبہ: صدیقی

پاکستان کے جنگی قیدی جو بہت جلد اپنے ملک واپس آنا شروع ہو جائیں گے پاکستانی قوم کا نہایت بیش قیمت اثاثہ ہیں ان کی واپسی کی کوششوں میں ساری قوم کی جد و جہد شامل تھی کیونکہ یہ سپاہی صرف کسی زمین کے ٹکڑے یا انسانوں کی آبادی کی حفاظت کے لئے دشمن کی کئی گنا زیادہ اور مہلک ترین ہتھیاروں سے مسلح فوج سے برسر پیکار نہیں تھے، بلکہ یہ ایک خاص نظریہ یا آئیڈیالوجی ایک خاص مجموعۂ اقدار اور ایک خاص طرز زندگی کے تحفظ کے لئے دشمن سے نبرد آزما ہوئے تھے۔ پاکستان کے سپاہی کے تاثرات کا سرچشمہ اسلام ہے اور چونکہ پاکستان اسلامی اقدار کے تجربہ کے لئے ایک لیبارٹری کے طور پر وجود میں آیا ہے۔ لہٰذا جب ایک پاکستانی سپاہی میدان جنگ میں جاتا ہے تو اس کے مدنظر اس کا وہ فرض ہوا کرتا ہے جو اس کی اسلام کے ساتھ عقیدت اور والہانہ وابستگی نے اس پر واجب ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستانی سپاہیوں نے میدان کارزار میں محیر العقول کارنامے سر انجام دیئے ہیں ان کو ہمیشہ اپنے سے کئی گنا زیادہ بڑی اور کہیں زیادہ مہلک اور جدید ترین ہتھیاروں سے مسلح فوج سے سابقہ پڑا لیکن پھر بھی انہوں نے ۱۹۶۵ کی جنگ میں سیالکوٹ، لاہور اور مقبوضہ کشمیر کے محاذوں پر جس شجاعت کا ثبوت دیا وہ عام قوموں کی فوجی تاریخ میں نہیں ملتا۔ اسی طرح ۱۹۷۱ء کی جنگ میں انہوں نے شجاعت اور جنگی صلاحیت کے جو نقشے مشرقی پاکستان کے پہاڑوں، دریاؤں، جنگلوں، دیہات، شہروں اور پٹ سن کے کھیتوں میں چھوڑے ہیں ان کو مشرقی پاکستان کی آنے والی نسلیں اپنی عظیم تاریخ کا ایک باب قرار دیں گی۔ چاہے وہاں کے موجودہ سیاستدان اپنے سیاسی خیالات کو کسی رنگ میں بھی کیوں نہ چھپائیں مسلم بنگال پھر ابھرے گا اور پاکستانی سپاہی کی جانبازی کے قصے اس کو زندگی کی روح اور حرارت بخشیں گے یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ پاکستانی سپاہی نے وہاں جنگ نہیں ہاری بلکہ ایک سیاسی حکم کی تعمیل میں ہتھیار ڈالے جو یقیناً اس کے لئے ایک نہایت تلخ تجربہ ہوا ہوگا۔ اس زمانہ کے جائزے ریکارڈ گواہ ہیں کہ آخر وقت تک بھی دشمن کسی جگہ بھی کوئی خاص پیش قدمی نہیں کر سکا تھا اور کومیلا اور جیسور کے دو مقامات کے علاوہ مشرقی پاکستان کی ایک ہزار تین سو ساٹھ میل لمبی سرحد ایک آہنی دیوار کی طرح قائم تھی اور ان دو مقامات پر بھی دشمن کو سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ کومیلا میں گھس آنے کے باوجود وہ دریا کو عبور کرنے میں ناکام ہو چکا تھا اور جیسور کے دفاع میں شگاف ڈال دینے کے باوجود وہ صرف چند میل ہی آگے بڑھ سکا تھا اور ہتھیار ڈالنے کے وقت بھی وہ ڈھاکہ سے ستر میل دور داؤدکنڈی کے مقام پر پہنچ کر رہ گیا تھا حالانکہ جیسور کے پیچھے دشمن کی کئی ڈویژن فوج موجود تھی۔ یہ جرأت بہادری اور فوجی صلاحیت مسلمان اور ۔۔۔ کا ہی حصہ ہے اور رہے گی۔ بھارت کے کیمپوں میں ڈیڑھ سال کا طویل عرصہ نہایت تکلیف دہ حالات میں گزارنے کے باوجود ان فوجیوں کے حوصلے نہایت بلند ہیں اور ۔۔۔ [illegible]

ان کی پاکستان اور اسلام کے ساتھ محبت اور اس لگن کو پاکستان واپس ہو کر دوبارہ اسلام اور پاکستان کی خدمت کرنے کے جذبہ کو سخت ترین مشکلات اور تکالیف بھی مجروح نہیں کر سکیں۔

[illegible]

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو
کینیڈا

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون

[illegible]

جلد ۲ — یکم اکتوبر ۱۹۷۳ء ۔ رمضان المبارک ۱۳۹۳ھ — شمارہ ۱۲

پاکستان کی معیشت کی بحالی کے لیے طویل المدت اقتصادی امداد دی جائے گی، جنوبی ایشیا میں ہونے والے معاہدوں پر فوری عمل درآمد ہونا چاہیے

وزیر اعظم بھٹو اور صدر نکسن کی سرکاری بات چیت کے خاتمہ کے بعد مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا

قرضوں کے از سر نو تعین کے بعد بنگلہ دیش کو بھی فریق بنایا جائیگا

امریکہ سے اسلحہ حاصل کرنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہو سکیں

صدر نکسن اور وزیر اعظم بھٹو کی بات چیت کے بعد امریکی ترجمان کا بیان

واشنگٹن ۲۰ ستمبر (اے پی) [illegible]

ایک جنگی قیدی وطن کی سرزمین میں داخل ہوتے ہی اللہ کے حضور سر بسجود ہو گیا۔

قرآن مجید آنکھوں سے لگا رہا ہے۔

[illegible]

وزیر اعظم بھٹو کا دورہ امریکہ بڑا کامیاب رہا ہے: جوزف سسکو

واشنگٹن ۔ ۲۰ ستمبر (ریڈیو رپورٹ) امریکہ کے نائب وزیر [illegible]

پاکستان میں امریکی سفیر کا تقرر

اسلام آباد ۔ ۱۸ ستمبر (اپ پ) [illegible] پاکستان میں امریکہ کے نئے سفیر ہوں گے۔ وزارت خارجہ کے ایک اعلان کے مطابق حکومت پاکستان نے ان کے تقرر کو منظور کر لیا ہے۔

شاہ حسین نے تمام فلسطینیوں کی رہائی کا حکم دیدیا

عمان ۔ [illegible]

راولپنڈی [illegible]

[illegible]

عالمی بنک پاکستان کو سیلاب کی تباہ کاریوں سے عہدہ برا ہونے کے لئے امداد دے گا

[illegible]

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان مالی امور پر سمجھوتہ کا امکان

وزیر اعظم بھٹو اور عالمی بنک کے نائب صدر میں اہم مذاکرات

[illegible]

لیبیا بھارت کو غیر محدود مقدار میں تیل دے گا

نئی دہلی ۔ [illegible]

بعض طاقتیں دوسرے ملکوں کے معاملات میں مداخلت سے باز نہیں آ رہیں: بھٹو

پاکستان کو غیر ملکی مداخلت سے بڑی پریشانی کا سامنا ہے

نیویارک ۔ [illegible]

پرنس صدر الدین کی وزیر اعظم بھٹو سے ملاقات

جنگی قیدیوں کی واپسی کے سوال پر تبادلہ افکار

ایمسٹرڈم ۔ [illegible]

بھارت بنگلہ دیش برما اور انڈونیشیا میں ہیضے، چیچک اور ملیریا کا زور

نئی دہلی ۔ [illegible]

یوگنڈا سے باہر جانیوالوں پر صدر امین نے زر مبادلہ کی پابندی لگادی

[illegible]

FO

U.

su

WA
stepped
anti-tank
rican of

They a
supplying
winder
and Spar
They wo

'U.S.
Israe

KAM
Ugandan
Amin sa
States h
with nu
its Me
Fleet.

Anti
Kua
tear-

KUA
Police
disperse
student
U.S.
rent M

The
allowed
peacefu
front o
police

But
them
tinued
the U
playing
cans